# سوالنامے کانمونہ

## برائے سیکنڈری کورس

## اردو206

وقت: 3 گھنٹے　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کل نمبر100

نوٹ: (i) یہ سوالنامہ مجموعی طور پر42سوالات پر مشتمل ہے۔

(ii) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کے سامنے نمبر دیے گئے ہیں۔

(iv) سوال نمبر1سے20تک ایک سے زیادہ انتخابی سوالات ہیں اور ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص کیا گیا ہے۔آپ سب سے موزوں آپشن کو چن کر لکھیے۔کچھ سوالات میں آپشنز بھی دیے گئے ہیں، آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہوگا۔

(v) سوال نمبر21سے25تک مختصر تر(Objective type)سوالات ہیں، جن میں 3 نمبروں کے دو سوالات، 7 نمبروں کے2سوالات اور10نمبر کا ایک سوال ہے اور آپشنز بھی دیے گئے ہیں۔ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب دیجیے۔

(vi) سوال نمبر26سے42تک وضاحتی سوالات پوچھے گئے ہیں، جن میں کچھ متبادل سوالات بھی شامل ہیں۔دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سوالات کے صحیح جوابات دیجیے۔

سوال نمبر1 : بوڑھا کیوں رو رہا تھا؟

a. اسے بہت تکلیف تھی۔

b. نیکی کرنے کا وقت گزر چکا تھا۔

c. وہ بہت بوڑھا ہو گیا تھا۔

d. وہ بہت کمزور تھا۔

سوال نمبر 2 :   بوڑھا بے ہوش کیوں ہو گیا؟

a. وہ بہت کبڑا تھا۔

b. وہ بہت مایوس تھا۔

c. اُس کے دل پر بہت بوجھ تھا۔

d. اب ایسے کام کرنے کے لیے بوڑھے کے پاس وقت نہیں تھا۔

سوال نمبر 3 : "آپ کی بلا سے" کا کیا مطلب ہے؟

a. آپ کو پریشانی ہو گی۔

b. آپ کی اجازت سے۔

c. آپ کا اُس سے کوئی تعلق نہیں۔

d. آپ کی خوشی کے ساتھ۔

سوال نمبر 4 :   برنداون کس جگہ ہے؟

a. مدھیہ پردیش

b. اُتر پردیش

c. آندھرا پردیش

d. مہاراشٹر

سوال نمبر 5:   دوسرے لوگوں کے ہاتھ میں رکھے اخبارات اور رسالوں کا انتظار کرنے کا نتیجہ کیا ہے؟

a. آپ کو اخبار مل جاتا ہے۔

b. آپ تھک کر چلے جاتے ہیں۔

c. آپ اپنے اخبار پر توجہ نہیں دے پاتے۔

d. آپ کا اخبار کوئی دوسرا لے جاتا ہے۔

سوال نمبر 6 :     ناگزیر کا مطلب ہے؟

a. تکلیف دینے والا
b. ناواقف
c. جسے ٹالا نہ جاسکے۔
d. جسے برداشت کیا جاسکے۔

سوال نمبر 7: وقت کاٹنے کا مطلب ہے:

a. اطمینان کے ساتھ وقت گزارنا
b. پریشانی کے ساتھ وقت گزارنا
c. وقت آگے نہ بڑھنا
d. کم وقت میں زیادہ کام انجام دینا

سوال نمبر 8: تکرار لفظی کیا ہے؟

a. ایک لفظ کو شعر یا نثر میں دوبارہ استعمال کرنا
b. ایک لفظ کو تین بار استعمال کرنا
c. ایک لفظ کو بار بار استعمال کرنا
d. ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: ''ارے یہ کیا!'' میں علامت ''!'' کو کہتے ہیں

a. ندائیہ نشان
b. فجائیہ نشان
c. استعجابیہ نشان
d. سوالیہ نشان

سوال نمبر10:   طنز کا مقصد ہے:

a. افراد اور معاشرے کی خامیوں پر لوگوں کی توجہ دلانا

b. افراد اور معاشرے کی خامیوں پر لوگوں کو ہنسانا

c. افراد اور معاشرے کی خامیاں بیان کرنا

d. افراد اور معاشرے کے بارے میں تبادلۂ خیال کرنا

سوال نمبر 11 :   مصنف نے بک ڈپو کے مالک اور مفت کا اخبار پڑھنے والے کے درمیان ہوئی بات چیت کے آخری جملے کا مطلب بتایا ہے کہ گو رسالہ ہزاروں کی تعداد میں بکے گا مگر......

a. ہم بھی ایک کاپی خرید لیں گے۔

b. ہم بھی ایک کاپی پڑھ لیں گے۔

c. ہم کبھی کبھار ایک کاپی بکوا دیں گے۔

d. ہم کبھی ایک کاپی مول نہیں لیں گے۔

یا

نظم 'بھارت ماتا' میں شاعر نے بھارت کو کس سے تشبیہ دی ہے اور کس کی طرح عظیم بتایا ہے؟

a. اپنے والد سے اور والد کی طرح عظیم بتایا ہے۔

b. اپنے محبوب سے اور محبوب کی طرح عظیم بتایا ہے۔

c. اپنے دوست سے اور اپنے دوست کی طرح عظیم بتایا ہے۔

d. ماں سے اور ماں کی طرح عظیم بتایا ہے۔

سوال نمبر12:   'عقل کے دشمن' سبق میں ایک لفظ 'وِدوان' آیا ہے جس کے معنی عالم کے ہیں پر یہ لفظ:

a. بے پڑھے لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

b. بہت سمجھدار لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

c. بہت تیز لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

d. پڑھے لکھے لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

یا

'وردان' لفظ کس زبان کا ہے۔

a. انگریزی زبان کا

b. اردو زبان کا

c. فارسی زبان کا

d. ہندی زبان کا

سوال نمبر 13: ضمیر کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

a. دو قسمیں

b. تین قسمیں

c. چار قسمیں

d. پانچ قسمیں

یا

'عقل کے دشمن' کے معنی ہیں:

a. بہت زیادہ سمجھدار

b. بہت ہی تیز انسان

c. بہت ہی جاہل انسان

d. بہت ہی بے وقوف انسان

سوال نمبر 14: کبیر اپنے عہد کے.................................... تھے

a. بہت بڑے سیاست داں

b. بہت بڑے نثر نگار

c. بہت بڑے گلوکار

d. بہت بڑے شاعر

یا

کبیر داس کن دو صوفیوں کے شاگرد بتائے جاتے ہیں؟

a. رام ریکھا داس اور خواجہ صاحب

b. گورکھ ناتھ اور نظام الدین اولیاؒ

c. سوامی رامانند اور صوفی شیخ پیر تقی

d. کمان داس اور گرونانک

سوال نمبر 15: کبیر داس کتنے پڑھے لکھے تھے؟

a. کبیر داس نے اعلیٰ تعلیم حاصل کی تھی۔

b. کبیر داس پڑھے لکھے نہیں تھے۔

c. کبیر داس نے بی اے کی تعلیم حاصل کی تھی۔

d. کبیر داس نے مولوی کی سند حاصل تھی۔

یا

موہ مایا کا مطلب ہے:

a. خوب دولت حاصل کرنا

b. دولت مند ہونا

c. دولت کے سوا کسی بھی شے کی کوئی حقیقت نہیں

d. بہت زیادہ قابل ہونا

سوال نمبر16: کبیر کا پیغام تھا:

a. نفرت سے دنیا جیتنا

b. دولت سے لوگوں کو اپنا بنانا

c. اپنی قابلیت کے رعب سے لوگوں کو اپنا بنانا

d. محبت سے لوگوں کے دلوں کو جیتنا

یا

تشبیہ کی تعریف ہے:

a. شعر میں تاریخی بات کا ذکر ہو۔

b. الفاظ کی تکرار ہونا

c. محبت سے پیش آنا

d. کسی شے کو کسی دوسری شے سے مماثلت کرنا

سوال نمبر17: کبیر کے والد اور والدہ کا نام تھا:

a. نیرو اور نعیمہ

b. محسن اور شبانہ

c. رشید اور رشیدہ

d. صادق اور صادقہ

یا

کبیر کے انتقال کے بعد اُن کی لاش کی جگہ کیا چیز آگئی تھی؟

a. کمل اور گیندے کے پھول

b. سفید پھول

c. سورج مکھی کے پھول

d. پھولوں کے ڈھیر

سوال نمبر 18: کبیر داس کا مذہب کے بارے میں خیال تھا

a. عیسائی مذہب

b. ہندو مذہب

c. سکھ مذہب

d. محبت ہی زندگی کا واحد راستہ ہے۔

یا

چلتی چکی دیکھ کر کبیر کیوں روئے تھے:

a. کیونکہ انہوں نے بہت دنوں بعد چکی کو دیکھا تھا۔

b. کیونکہ انہوں نے کبھی گیہوں پستے ہوئے نہیں دیکھے تھے۔

c. کیونکہ وہ چکی کو خود چلانا چاہتے تھے۔

d. کیونکہ جس طرح چکی میں دانا پس جاتا ہے اسی طرح دنیا میں آنے والا ہر شخص بھی ایسا ہی ہے۔

سوال نمبر 19: میرؔ کو کس خطاب سے پکارا جاتا ہے؟

a. بہت پائے کے بزرگ

b. بہت بڑے صوفی

c. ایک تاریخ داں

d. خدائے سخن

یا

'خانہ خراب' کیا ہے؟

a. محاورہ

b. تشبیہ

c. استعارہ

d. حسن تعلیل

سوال نمبر 20: مقطع کسے کہتے ہیں؟

a. وہ شعر جو غزل کا پہلا شعر ہو۔

b. جس شعر میں کسی خاص واقعہ کا بیان ہو۔

c. وہ شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

d. غزل کا درمیانی شعر

یا

'دلفریب' ایک مرکب لفظ ہے اس میں دو لفظ ہیں، انہیں الگ کریں۔

a. فریب - دل

b. فریب و دل

c. دل کا فریب

d. دل - فریب

سوال نمبر 21: 3

ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

i. اس شعر میں کس چیز کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے۔ 1

ii. اس شعر کی ردیف کیا ہے؟ 1

iii. اس شعر کا قافیہ کیا ہے؟ 1

iv. سہل ممتنع سے کیا مراد ہے؟ 1

v. یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی تین سوالات کے جواب دیجیے۔

سوال نمبر 22: موت کا ایک دن معین ہے 3

نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

i. اس شعر کا بنیادی تصور کیا ہے؟ 1

ii. رات بھر نیند کیوں نہیں آتی؟ 1

iii. اس شعر میں کس کے معین ہونے کی بات کہی گئی ہے؟ 1

iv. یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ 1

v. اس شعر میں شاعر نے کس انداز میں بات کی ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی تین سوالات کے جواب دیجیے۔

سوال نمبر 23: ماتا ماتا پیاری ماتا بچے تجھ پر واری ماتا 7

او ماتا بھارت ماتا تجھ پر خدا کی رحمت ماتا

سندری تو ہے ہریالی تو ہے دھانی آنچل والی تو ہے

i. .......بھارت ماتا۔ خالی جگہ بھریئے۔ 1

ii. شاعر نے کس ملک کے بارے میں دھانی آنچل کہا ہے؟ 1

iii. شاعر خدا کی رحمت کس پر بھیج رہا ہے؟ 1

iv. ماتا ماتا اگر دوبار آئے تو اسے کیا کہتے ہیں؟ 1

v. شاعر نے سندری لفظ کس کے لیے استعمال کیا ہے؟ 1

vi. 'او ماتا بھارت ماتا' اس شعر کو مکمل کیجیے۔ 1

vii. 'تجھ پہ خدا کی' شعر پورا کیجیے۔ 1

viii. سندری اور ہریالی کے معنی لکھیے۔ 1

ix. تکرار لفظی کسے کہتے ہیں؟ 1

x. اپنے ملک کی محبت کو اردو میں کیا کہتے ہیں؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی سات سوالات کے جواب دیجیے۔

سوال نمبر 24: زندگی جیسی توقع تھی ویسی نہیں، کچھ کم ہے 7

ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں، کچھ کم ہے

i. اس شعر میں ردیف کیا ہے؟ 1

ii. اس شعر کا قافیہ کیا ہے؟ 1

iii. یہ شعر کس شاعر کا ہے؟ 1

iv. اس شعر میں شاعر کو ہر وقت کیا احساس ہوتا ہے؟ 1

v. شاعر اس شعر میں کس کی طرف اشارہ کر رہا ہے؟ 1

vi. شہریار کا پورا نام لکھیے۔ 1

vii. اس شعر میں عام فہم الفاظ چھانٹ کر لکھیے۔ 1

viii. یہ غزل کا کون سا شعر ہے؟ 1

ix. مطلع کس شعر کو کہتے ہیں؟ 1

x. مقطع میں شاعر اپنا کیا استعمال کرتا ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی سات سوالات کے جواب دیجیے۔

سوال نمبر 25:

i. ’آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا‘ محاورے کا کیا مطلب ہے؟ 10

ii. چھاتی پیٹنا کا کیا مطلب ہے؟ 1

iii. آگے آتی تھی حال دل پہ ہنسی + اب کسی بات پر نہیں آتی۔ اس شعر کا بنیادی تصور لکھیے۔ 1

iv. حالِ دل پہ آنے کی بات کس زمانے کی ترجمانی کرتی ہے؟ 1

v. اب کس بات پر کیا نہیں آتی؟ 1

vi. صنعت تضاد کسے کہتے ہیں؟ 1

vii. دلفریب ایک مرکب لفظ ہے، اس میں دو لفظ ہیں۔ انھیں الگ کر کے لکھیے۔ 1

viii. درخواست کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔ 1

ix. مضمون کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔ 1

x. ماس میڈیا کے معنی لکھیے۔ 1

xi. پگڑی اتارنا کے معنی لکھیے۔ 1

xii. تکرار لفظی کیا ہے؟ 1

xiii. رتی بھر برا نہ لگنے کے معنی بتایے 1

xiv. ظلمت کا متضاد کیا ہے؟ 1

xv. ناگزیر کا مطلب کیا ہے؟ 1

اوپر دیے گئے سوالات میں سے کن ہی دس سوالات کے جوابات دیجیے۔

سوال نمبر 26- مندرجہ ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ 6

موجودہ دور میں میڈیا اور عوام کا تعلق لازم و ملزوم ہو گیا ہے۔ اب یہ تعلق اس درجہ اہمیت اختیار کر گیا ہے کہ عوام کی نجی زندگی کے بیشتر کاموں اور زیادہ تر چیزوں پر میڈیا اثر انداز ہے۔ مثلاً چوبیس گھنٹے میں جو چیزیں آپ کے استعمال میں آتی ہیں اُن کے بارے میں سوچ کر دیکھیے۔ کیا کوئی چیز یا شے ہے جسے ماس میڈیا کے کسی نہ کسی ذریعہ

نے آپ تک نہ پہنچایا ہو، بہت مہنگی، زیادہ داموں والی چیزوں سے لے کر بہت کم قیمت والی چیزیں ہوں یا کبھی کبھار استعمال میں آنے والی چیزیں ہوں یا روزمرہ کے استعمال میں آنے والی چیزیں۔ زیادہ تر ہمارے ذہن میں وہی نام آتے ہیں جنھیں ماس میڈیا نے ہم تک پہنچایا ہے۔

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کا موضوع کیا ہے؟

(ب) موجودہ دور میں عوام اور میڈیا کا تعلق کس طرح کا ہو گیا ہے؟

(ج) عوام کی نجی زندگی پر آج کل کون اثر انداز ہے؟

(د) چوبیس گھنٹے ہمارے ذہن میں کون سی ایسی چیزیں آتی ہیں، جن کو میڈیا نے ہم تک پہنچایا ہے؟

سوال نمبر 27- خط نویسی کی تعریف لکھیے اور یہ بھی بتایئے خط کتنے طرح کے ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ذاتی خط کا ایک نمونہ بھی پیش کیجیے۔ 6

سوال نمبر 28- نیچے دیے گئے اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 4

کوئی امید بر نہیں آتی    کوئی صورت نظر نہیں آتی
موت کا ایک دن معین ہے    نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

یا

یاں آدمی پہ جان کو مارے ہے آدمی
اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اُتارے ہے آدمی
چلاّ کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اور سن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

سوال نمبر 29- نظم 'اے شریف انسانو' کے مرکزی خیال پر ایک نوٹ لکھیے اور یہ بھی بتایئے کہ نظم کس کی ہے۔ 4

یا

نظم 'ترانۂ وطن' کے مرکزی خیال پر ایک نوٹ لکھیے اور یہ بھی بتایئے کہ نظم کس کی ہے؟

سوال نمبر30-  مثنوی 'چاندنی رات کا منظر' کس کی لکھی ہوئی مثنوی ہے۔ ساتھ ہی اس مثنوی کی منظر نگاری پر ایک نوٹ لکھیے۔ 4

سوال نمبر31-  تعلیمی میدان میں ٹیلی ویژن کی کیا اہمیت ہے؟ 4

یا

سرکاری خط کس طرح کے ہوتے ہیں۔ نمونے کے طور پر ایک سرکاری خط بھی لکھیے۔

سوال نمبر32-  افسانہ ایک سوال، کس کا لکھا ہوا ہے، اس میں مرکزی کردار کا نام بھی بتایئے۔ 2

سوال نمبر33-  محاورہ کسے کہتے ہیں؟ 'جی کیسا ہونا' کا کیا مطلب ہے۔ 2

سوال نمبر34-  افسانہ ایک سوال کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2

سوال نمبر35-  پریم چند کے دو مشہور افسانوں کے نام لکھیے۔ 2

سوال نمبر36-  'آدمی نامہ' نظم میں نظیر نے آدمی کے کتنے روپ بتائے ہیں۔ 2

سوال نمبر37-  افسانہ 'عیدگاہ' کس کا لکھا ہوا ہے، اس کے مرکزی کردار کا نام بھی لکھیے۔ 2

سوال نمبر38-  'ایک سوال' افسانے میں عورتوں کے کن حقوق کی بات مصنفہ نے کی ہے۔ 2

سوال نمبر39-  غالب کی شاعری کی دو شاعرانہ خصوصیات لکھیے۔ 2

سوال نمبر40-  مثنوی 'چاندنی رات کا منظر' میں شاعر نے جوگن کے حسن کی تعریف کس طرح کی۔ 2

سوال نمبر41-  ساحر لدھیانوی کی دو مشہور نظموں کے نام لکھیے۔ 2

سوال نمبر42-  حب الوطنی اور قومی یکجہتی پر نظم 'ترانہ وطن' میں حب الوطنی کو کس طرح پیش کیا گیا ہے، مختصر طور پر اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2

# مارکنگ اسکیم

## (اردو 206)

جواب نمبر 1 - (b) نیکی کرنے کا وقت گزر چکا تھا۔

جواب نمبر 2- (b) وہ بہت مایوس تھا۔

جواب نمبر 3- (d) آپ کی خوشی کے ساتھ

جواب نمبر 4- (b) اُتر پردیش

جواب نمبر 5- (a) آپ کو اخبار مل جاتا ہے۔

جواب نمبر 6- (c) جسے ٹالا نہ جا سکے۔

جواب نمبر 7- (b) پریشانی کے ساتھ وقت گزارنا

جواب نمبر 8- (a) ایک لفظ کو شعر یا نثر میں دوبارہ استعمال کرنا

جواب نمبر 9- (c) استعجابیہ نشان

جواب نمبر 10- (a) افراد اور معاشرے کی خامیوں پر لوگوں کی توجہ دلانا

جواب نمبر 11- (a) ہم بھی ایک کاپی خرید لیں گے

یا

(d) 'ماں' سے اور ماں کی طرح عظیم بتایا ہے

جواب نمبر12-　(d)پڑھے لکھے لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے

یا

(d)ہندی زبان کا

جواب نمبر13-　(b)تین قسمیں

یا

(d)بہت ہی بے وقوف انسان

جواب نمبر14-　(d)بہت بڑے شاعر تھے

یا

(c)سوامی رامانند اور صوفی شیخ پیر تقی

جواب نمبر15-　(b)کبیر داس پڑھے لکھے نہیں تھے۔

یا

(c)دولت کے سوا کسی بھی شے کی کوئی حقیقت نہیں

جواب نمبر16-　(d)محبت سے لوگوں کے دلوں کو جیتنا

یا

(d)کسی شے کو کسی دوسری شے سے مماثلت کرنا

جواب نمبر17 -　(a)نیرو اور نعیمہ

یا

(b)سفید پھول

جواب نمبر18 -　(d)محبت ہی زندگی کا واحد راستہ ہے۔

یا

(d)کیونکہ جس طرح چکی میں دانا پس جاتا ہے اسی طرح دنیا میں آنے والا ہر شخص بھی ایسا ہی ہے۔

جواب نمبر19 -　(d)خدائے سُخن

یا

(a) محاورہ

جواب نمبر 20 - (c) وہ شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

یا

(d) دل-فریب

جواب نمبر 21 - (i) زندگی کو بلبلے سے اور نمائش کو سراب سے۔

(ii) اس شعر کی ردیف 'کی سی ہے' ہے۔

(iii) اس شعر کا قافیہ حباب اور سراب ہے۔

(iv) بہت بڑی بات کو آسان انداز میں کہنا، جس کی نثر نہ کی جاسکے۔

(v) یہ شعر میر تقی میر کا ہے۔

جواب نمبر 22 - (i) موت کا ایک وقت طے ہے پھر نیند نہ آنے کی وجہ کچھ اور ہے۔

(ii) نیند

(iii) موت کا ایک دن معین ہے۔

(iv) یہ شعر غالب کا ہے۔

(v) غالب نے خطابانہ انداز میں کہا ہے۔

جواب نمبر 23 - (i) اوماتا بھارت ماتا

(ii) شاعر نے بھارت کو دھانی آنچل کہا ہے۔

(iii) خدا کی رحمت ہمارے ملک بھارت پر بھیج رہا ہے۔

(iv) تکرار لفظی

(v) سندری لفظ بھارت کے لیے استعمال کیا ہے۔

(vi) اوماتا بھارت ماتا تجھ پہ خدا کی رحمت ہو۔

(vii) تجھ پہ خدا کی رحمت ہو۔

(viii) سندری معنی خوبصورت اور ہریالی معنی ہری بھری۔

(ix)اگر ایک ہی لفظ دو بار آئے تو اسے تکرار لفظی کہتے ہیں۔

(x)اپنے ملک کی محبت کو حب الوطنی کہتے ہیں۔

جواب نمبر 24 - (i)اس شعر کی ردیف 'کچھ کم ہے' ہے۔

(ii)اس شعر میں نہیں اور کہیں قافیہ ہیں۔

(iii)یہ شعر شہریار کا ہے۔

(iv)کچھ کم ہونے کا احساس ہوتا ہے زندگی میں۔

(v)جیسی توقع تھی، اس کی کمی محسوس کر رہا ہے۔

(vi)کنور اخلاق محمد خاں

(vii)عام فہم الفاظ ہیں توقع، گھڑی وغیرہ۔

(viii)یہ غزل کا پہلا شعر یعنی مطلع ہے۔

(ix)مطلع غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتے ہیں۔

(x)مقطع میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے۔

جواب نمبر 25 - (i)بالکل بھی توجہ نہ دینا

(ii)بہت زور زور سے رونا

(iii)اس شعر کا بنیادی تصور ہے کہ شاعر اب پریشانیوں کا عادی ہو گیا ہے۔

(iv)ماضی

(v)ہنسی

(vi)صنعت تضاد سے مراد ہے وہ الفاظ جو ایک دوسرے کے مخالف ہوں جیسے رات اور دن۔

(vii)دل-فریب

(viii)القاب و آداب، مدعا، مضمون اور اختتامی کلمات اور دستخط۔

(ix)آغاز، نفس مضمون اور اختتامیہ۔

(x)ماس اور میڈیا دو لفظوں سے مل کر بنا ہے۔ ماس کے معنی ہیں عوام اور میڈیا ذرائع کو کہتے ہیں۔

(xi)بے عزت کرنا

(xii)ایک لفظ کو بار بار استعمال کرنا

(xiii)ذرا بھی برا نہ لگنا

(xiv)نور

(xv)جسے ٹالا نہ جا سکے۔

جواب نمبر26- (الف)یہ اقتباس ماس میڈیا کے سبق سے ہے اور اس کا موضوع ماس میڈیا کی اہمیت ہے۔ 1½

(ب)موجودہ دور میں میڈیا اور عوام کا تعلق لازم و ملزوم کا ہو گیا ہے۔ 1½

(ج)عوام کی نجی زندگی پر ماس میڈیا اثر انداز ہے۔ 1½

(د)چوبیس گھنٹے ہمارے ذہن میں وہی ساری چیزیں آتی ہیں جنہیں ماس میڈیا نے ہم تک پہنچایا ہے۔ 1½

(1½+ 1½ + 1½ + 1½ = 6)


جواب نمبر27- خط نویسی پیغام رسانی کا اہم ذریعہ ہے، اس کی مدد سے ہم اپنے خیالات و جذبات دوسروں تک پہنچاتے ہیں۔ ہماری ذاتی زندگی سے لے کر کاروباری زندگی تک اور دفتروں تک اس میں خطوط کا اہم رول ہے۔ 2

خطوط کی تین قسمیں ہوتی ہیں: 2

1۔ذاتی خطوط 2۔ تجارتی خطوط

3۔دفتری خطوط

ذاتی خطوط کا نمونہ: 2



واقف کار　دادا　والد　بڑا بھائی　استاد　چچا　ماموں

دوسرے رشتہ دار

(2 + 2 + 2 = 6)

جواب نمبر 28-　اشعار غالب کی غزل کے ہیں　1+1

**تشریح:** اس شعر میں مایوسی کی کیفیت ہے۔ یہ کیفیت کسی بھی حساس انسان کی ہو سکتی ہے۔ کہیں سے بھی کوئی امید نظر نہیں آ رہی ہے۔ ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے۔　2

(1+1+2=4)

یا

یہ بند نظم آدمی نامہ سے لیا گیا ہے اس نظم کے شاعر نظیر اکبرآبادی ہیں۔　1+1

**تشریح:** اس بند میں شاعر نے آدمی کے الگ الگ کردار کو بیان کیا ہے اور خصوصیات بھی بتائی ہیں۔ کوئی کسی کے لیے جان نچھاور کر دیتا ہے، تو کوئی دشمنی کرتا ہے، کوئی کسی کی بے عزتی کرتا ہے تو کوئی دوسروں کی مدد کرتا ہے۔

2

(1+1 + 2 = 4)

جواب نمبر 29-

اس نظم میں جنگ کے نقصانات کو بہت اچھے ڈھنگ سے پیش کیا گیا۔ جنگ ختم ہونے کے بعد جو موت کا سناٹا ہوتا ہے اور خون جو دونوں طرف انسانوں کا ہی بہتا ہے۔ اس طرح کی ساری باتیں بتائی گئی ہیں۔　4

یا

نظم ترانہ وطن میں شاعر نے وطن کی محبت کے نغمے گائے ہیں اور مختلف طرح سے وطن کے ترانے گاتے ہوئے وطن کی محبت کو پیش کیا ہے۔　4

جواب نمبر 30-　مثنوی چاندنی رات کا منظر میر حسن کی لکھی ہوئی ہے۔　1

منظر نگاری: بہت ہی خوبصورت منظر نگاری ہے۔اسی طرح طالب علم منظر نگاری کو بیان کرے گا۔ 3

(1+3 = 4)

جواب نمبر31- تعلیمی میدان میں ٹیلی ویژن کی اہمیت پر نوٹ لکھنا۔الگ الگ تفصیل بیان کریں۔ 4

یا

سرکاری خطوط میں دفتر کی چیزوں کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔ 1

نمونہ سرکاری خطوط: 3

1۔ٹیلی فون نمبر    کمپنی کا نام

2۔ای- میل    پتہ

3۔موبائل نمبر    کاروبار کی تفصیل

حوالہ نمبر

مکتوب الیہ کا پتہ

موضوع

خط کا متن

..........................................

..........................................

مشکلات    دعائیہ کلمات

اختتامی کلمات

نام و عہدہ (1+3 = 4)

جواب نمبر32- افسانہ 'ایک سوال' صالحہ عابد حسین کا لکھا ہوا۔ 1

مرکزی کردار    نوکرانی 1

جواب نمبر33-   اپنے اصل معنی کے علاوہ دوسرے معنی دینا محاورہ ہے   1

جی کیسا ہونا کا مطلب ہے خراب ہونا   1

(1+1=2)

جواب نمبر34-   خلاصہ لکھنا ہے۔   2

جواب نمبر35-   پریم چند کا دو مشہور افسانے عید گاہ اور کفن   2

جواب نمبر36-   آدمی نامہ نظم میں نظیر نے آدمی کے کئی روپ بتائے ہیں۔   2

جواب نمبر37-   عید گاہ پریم چند کا لکھا ہوا ہے۔   1

مرکزی کردار —حامد   1

(1+1 = 2)

جواب نمبر38-   'ایک سوال' افسانے میں مصنف نے اُن عورتوں کے حقوق کی بات کی ہے جو گھروں میں کام کرتی ہیں اور جو عورتیں اپنے گھروں میں رہتی ہیں۔   2

جواب نمبر39-   غالب کی شاعری کی خصوصیات ہیں   1

فلسفیانہ اور ہر دور میں با معنی   1

(1+1+2)

جواب نمبر40-   جو گن کے حسن کے نور کی وضاحت کی ہے اور اس کا اثر جنگل کی مختلف چیزوں پر پڑتا ہے۔   2

جواب نمبر41-   'اے شریف انسانو' اور 'پرچھائیاں'   2

جواب نمبر42-   ملک کے تقدس، دیوتاؤں اور رشیوں کی عظمت اور وطن کی مٹی کے ذروں کی چمک کو سورج کی روشنی سے تعبیر کیا گیا ہے۔   2